# 11-09-2024 WEDNESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ مرکز کی چھ رکنی ایک ٹیم تلنگانہ کے سیلاب سے متاثرہ اضلاع کا دورہ کررہی ہے، چیف سکریٹری نے ٹیم کو بارش کی تباہ کاریوں سے واقف کروایا اور راحتی اقدامات کیلئے لچک دار گائیڈ لائنس بنانے کی اپیل کی۔

☆ ریاستی حکومت کی جانب سے اس سال کے آخر تک مزید پینتیس ہزار ملازمتوں کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔

☆ حیڈرا نے بتایا ہے کہ اس کی جانب سے جاری کاروائی کے تحت اب تک چھبیس مقامات پر 262 غیر مجاز تعمیرات کو منہدم کیا گیا ہے جبکہ 111.72 ایکر اراضی حاصل کی گئی ہے۔

☆ نئی دہلی میں آج ڈیجیٹل پلیٹ فارم، پردھان منتری متسیا کسان سمریدھی سہا یوجنا برائے ماہی گیری کا آغاز کیا گیا۔

☆☆☆☆☆

ریاست تلنگانہ میں حالیہ بارش سے ہوئے نقصانات کا جائزہ لینے کیلئے کرنل کے پی سنگھ ، جوائنٹ سکریٹری مرکزی وزارت داخلہ کی زیر قیادت چھ رکنی ایک مرکزی ٹیم متاثرہ اضلاع کا دورہ کررہی ہے۔ اس ٹیم نے ضلع کھمم کے منڈل کوسومنچی کے علاقہ نائم گرٹم میں تباہ فصلوں کا معائنہ کیا اور متاثرہ کسانوں سے بات چیت کی۔ اضلاع کے لئے روانہ ہونے سے پہلے اس ٹیم نے چیف سکریٹری شانتی کماری اور سینئر سرکاری عہدیداروں کے ساتھ آج سکریٹریٹ میں بات چیت کی۔ چیف سکریٹری نے مذکورہ ٹیم کو بتایا کہ موسم سے متعلق چوکسی کی مختصر نوٹس ملنے کے فوری بعد ریاستی انتظامیہ فوری حرکت میں آ گیا۔ اس کے نتیجہ میں انسانی جانیں کم ضائع ہوئیں۔ شانتی کماری نے مرکزی ٹیم پر زور دیا کہ راحت کے لئے گائیڈ لائنس بنانے کے دوران لچک دار رویہ اختیار کیا جائے جس سے ریاستی حکومت متاثرہ افراد کو زیادہ سے زیادہ مدد فراہم کرسکتی ہے۔ شانتی کماری نے قومی آفات سماوی مینجمنٹ فورس کی طرز پر ریاستی حکومت کی جانب سے قائم کردہ خصوصی ٹیموں کے قیام پر زور دیا۔ انہوں نے اس ٹیم کو اس بات سے بھی واقف کروایا کہ ضلع ملوگو میں 332 ہیکٹرس اراضی متاثر ہوئی ہے۔ مرکزی ٹیم سے اس بات کی سفارش کی گئی کہ تفصیلی طور پر جائزہ لیتے ہوئے نقصانات کی وجوہات کا پتہ لگایا جائے۔ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے خصوصی چیف سکریٹری اروند کمار نے نقصانات اور ریاستی حکومت کی جانب سے کئے گئے راحتی اقدامات کی مکمل تفصیل بیان کی۔ انہوں نے کہا کہ نقصانات کا ابتدائی تخمینہ پانچ ہزار چار سو اڑتیس کروڑ روپئے لگایا گیا ہے جبکہ قطعی تخمینہ ہنوز لگایا جارہا ہے۔ مرکزی ٹیم کو زراعت ،عمارات وشوارع، بلدی نظم ونسق، پنچایت راج، توانائی، افزائش مویشیاں اور محکمہ جنگلات کے عہدیداروں نے تفصیلی پرزنٹیشن دیا۔ اس سے پہلے مرکز کی ٹیم نے ایک تصویری نمائش کا مشاہدہ کیا جس کے ذریعہ نقصانات کو اجاگر کیا گیا ہے۔ یہ ٹیم اضلاع کھمم اور محبوب آباد کے بارش سے متاثرہ مقامات کا بھی دورہ کرے گی اور سیلاب کے متاثرین سے بات چیت کے علاوہ مقامی انتظامیہ سے بھی ملاقات کرے گی۔

☆☆☆☆☆

ریاستی وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے اس سال کے آخر تک مزید پینتیس ہزار سرکاری ملازمتیں فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست میں کانگریس کی زیر قیادت حکومت کے قیام کے دو ماہ کے اندر پہلے ہی تیس ہزار ملازمتیں فراہم کی جا چکی ہیں۔ تلنگانہ پولیس اکیڈیمی میں آج 547 سب انسپکٹرس کی پاسنگ پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے ریونت ریڈی نے پولیس میں تقرر پائے افراد کی جذبہ کی ستائش کی اور اس یقین کا اظہار کیا کہ وہ اپنی صلاحیتوں سے نشہ کی لعنت کو ختم کرنے ، سائبر جرائم اور دیگر سماجی مسائل کو حل کرنے میں کامیاب ہوں گے۔ وزیر اعلیٰ نے نشیلی دواؤں کے بڑھتے استعمال اور ریاست میں ان کی سربراہی پر تشویش کا اظہار کیا ۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ نئے تقرر پانے والے پولیس آفیسرس نشہ آور اشیاء کے خلاف ٹھوس موقف اپنائیں اور اس بات کا اعلان کریں کہ تلنگانہ کو ڈرگ اور گانجہ کی لعنت سے پاک کیا جائے گا۔ سی ایم نے نوجوانوں سے کہا کہ حکومت کی کارکردگی پر بھروسہ رکھیں۔ ریونت ریڈی نے اس موقع پر اعلان کیا کہ پچاس ایکر اراضی پر ایک پولیس اقامتی اسکول قائم کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے اس بات کا اعادہ کیا کہ حکومت غیر قانونی تعمیرات کو منہدم کرنے کیلئے پر عزم ہے جبکہ اس میں ملوث افراد پر زور دیا کہ حکومت کے کاموں میں مداخلت نہ کی جائے۔

ماہی گیری، افزائش مویشیاں اورڈیری کے مرکزی وزیر راجیورنجن سنگھ نے آج نئی دہلی میں پردھان منتری متسیا کسان سمریدھی سہ یوجنا کا آغاز کیا۔ اس یوجنا کو شروع کئے جانے کے چار سال کی تکمیل پر منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے رنجن نے تمام ریاستوں اورمرکزی زیر انتظام علاقوں سے اپیل کی کہ متحدہ طور پر ماہی گیری کے شعبہ کو منتظم بنانے کیلئے اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے بتایا کہ اس شعبہ میں ساٹھ ہزار کروڑ روپئے مشغول کئے جارہے ہیں جبکہ ملک کی جانب سے دنیا بھر کے تقریباً 120 ممالک کو مچھلی برآمد کی جارہی ہے۔

☆☆☆☆☆

نئی اور قابل تجدید توانائی کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے کہا ہے کہ سبز ہائیڈروجن کی پیداواری اشیاء، توانائی کے شعبہ میں ملک کو آتمانربھر بنانے میں اہمیت کی حامل ہیں۔ نئی دہلی میں آج گرین ہائیڈروجن انڈیا 2024 کے زیرعنوان دوسری بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جوشی نے کہا کہ سبز ہائیڈروجن سے تیار کردہ اشیاء سے ملک کو ایمونیا اور نیچرل گیاس کی برآمدی میں کمی لانے میں مدد ملے گی جبکہ سال 2030 تک کاربن کے اخراج میں پچیس ملین میٹرک ٹن کمی لانے میں بھی مدد ملے گی۔

☆☆☆☆☆

پنچایت راج کی وزیر انوسویا سیتا اکا نے ضلع ملوگو میں، پالم پیٹ کے مقام پر واقع رام اپا مندر کی تاریخی اہمیت کو اجاگر کیا ہے۔ انہوں نے آج سکریٹریٹ میں مذکورہ مندر کی انتظامی کمیٹی کی ایک میٹنگ میں شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ تاریخی اہمیت کی وجہ سے یونیسکو نے اس مندر کو عالمی ثقافتی درجہ دیا ہے۔ سیتا اکا نے مزید کہا کہ رام اپا ٹمپل، تلنگانہ میں واحد ایسا علاقہ ہے جسے یہ باوقار اعزاز حاصل ہوا ہے۔ انہوں نے اس مندر کو فروغ دینے کیلئے مزید ترقیاتی کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا اور کہا کہ اس سلسلہ میں تمام محکموں کو متحدہ طور پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد ڈیزاسٹر ریسپانس اینڈ ایسٹ پروٹیکشن ایجنسی (حیڈرا) نے آج اعلان کیا ہے کہ انہدامی مہم کے دوران تقریباً چھبیس مقامات پر 262 غیر مجاز تعمیرات کو منہدم کیا گیا اور 111.72 ایکر اراضی کو دوبارہ حاصل کیا گیا۔ حیڈرا نے جی ایچ ایم سی حدود میں واقع بفرزونس اور فل ٹینک لیول (ایف ٹی ایل) میں غیر مجاز تعمیرات کو منہدم کیا ہے۔ حیڈرا نے ریاستی حکومت کو اعداد وشمار پیش کئے جس کے مطابق رام نگر مانیا اسٹریٹ پر تین غیر قانونی تعمیرات، گگن پہاڑ کے علاقہ اپا چیرو میں چودہ، امیر پور پدا چیرو میں چوبیس، سونیم چیرو میں بیالیس اور ڈنڈیگل کے علاقہ کتول چیرو میں تیرہ غیر قانونی عمارتوں کو منہدم کیا گیا ہے۔ اسی دوران ڈی جی پی ڈاکٹر جتیندر نے کل حیڈرا کیلئے پندرہ انسپکٹرس، تین ریزروانسپکٹرس، تین سب انسپکٹرس اور دو ریزروسب انسپکٹرس مختص کئے تاکہ اس ادارہ کو اپنے اقدامات میں سہولت ہوسکے۔

☆☆☆☆☆

ریاستی ملازمین پولیس نے چیف منسٹرس ریلیف فنڈ کیلئے گیارہ کروڑ روپے پر مشتمل اپنی ایک دن کی تنخواہ کا عطیہ دیا ہے۔ ڈائرکٹر جنرل آف پولیس جتیندر نے ہوم سکریٹری روی گپتا، انٹلی جنس کے سربراہ شیودھر ریڈی کے ہمراہ گیارہ کروڑ روپے پر مشتمل چیک آج وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کے حوالے کیا تاکہ ریاست میں حالیہ سیلاب کے متاثرین کی مدد کی جاسکے۔

☆☆☆☆☆

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کا آبائی موضع کونڈاریڈی پلی، تلنگانہ کا پہلا سو فیصد سولار توانائی کا موضع بننے کے لئے تیار ہے۔ اس موضع میں تمام کنکشنوں کو سولار سے مربوط کیا گیا ہے۔ صدر نشین و منیجنگ ڈائرکٹر سدرن تلنگانہ پاورڈسٹری بیوشن کمپنی مشرف فاروقی نے ناگر کرنول ضلع کلکٹر سنتوش، ریڈکو کی نائب صدر نشین انیلا اور کمپنی ڈائرکٹر کمرشل راملو کے ہمراہ کل اس موضع کا دورہ کیا اور وہاں کا جائزہ لینے کے علاوہ مقامی افراد سے بات چیت کی۔

☆☆☆☆☆

آندھراپردیش کے نائب وزیراعلیٰ پون کلیان نے آج حیدرآباد میں ریاستی وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی جوبلی ہلز میں واقع رہائش گاہ پہنچ کر چیف منسٹر ریلیف فنڈ کیلئے اپنی جانب سے ایک کروڑ روپئے کا عطیہ دیا۔ انہوں نے ایک چیک سی ایم کے حوالے کیا۔ اس سے پہلے پون کلیان نے اعلان کیا تھا کہ وہ ریاست میں جاری راحتی اقدامات کیلئے اپنی جانب سے رقمی عطیہ دیں گے۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی آج شام دہلی کیلئے روانہ ہوگئے۔ ان کے ہمراہ ٹی پی سی سی کے نومقرر کردہ صدر مہیش کمار گوڑ بھی ہیں۔ توقع ہے کہ ریونت ریڈی وزیراعظم نریندر مودی اور دیگر کابینی وزراء سے ملاقات کریں گے اور ریاست میں سیلاب کی صورتحال پر ایک تفصیلی رپورٹ پیش کریں گے۔ اس بات کی بھی توقع ہے کہ ریونت ریڈی دہلی میں پارٹی کی سینئر لیڈر سونیا گاندھی اور دیگر سے بھی ملاقات کریں گے۔

☆☆☆☆☆

بھارت راشٹرا سمیتی کے لیجسلیچرس نے آج قانون ساز اسمبلی کے سکریٹری نرسمہا چاریلو سے ملاقات کی اور ایک درخواست پیش کرتے ہوئے اپیل کی کہ پارٹی کے تین ارکان اسمبلی کو نااہل قرار دیئے جانے سے متعلق تلنگانہ ہائی کورٹ کے احکام پر عمل آوری کی جائے۔ ان ارکان اسمبلی میں ڈی ناگیندر (خیرت آباد)، کڈیم سری ہری (اسٹیشن دھن پور)، وینکٹ راؤ بھدراچلم شامل ہے۔ ان لیڈرس نے کانگریس پارٹی میں شمولیت اختیار کرلی تھی۔ بی آر ایس کے ایم ایل ایز وویکانندا اور کوشک ریڈی نے قانون ساز سکریٹری کو عدالتی احکام کا حوالہ دیا۔

☆☆☆☆☆